

# لکیروں کا جادو

* دونوں ہاتھوں میں دھاگا پکڑ کر اسے تان دیا جائے تو ایک سیدھی لکیر بنتی ہے اور دھاگے کو ڈھیلا چھوڑ دیا جائے تو مڑی ہوئی لکیر بنتی ہے۔ (دھاگے کے ایک کنارے پر پتھر باندھ کر نیچے چھوڑ دیا جائے تو سیدھی لکیر بنتی ہے۔ یہ عمل کر کے دیکھو)




ہم کتاب میں صرف سیدھی لکیر کے بارے میں پڑھنے والے ہیں۔
اس لیے لکیر یا خط کو سیدھی لکیر سمجھیں گے۔







* **عمل** : کسی کاغذ کو مختلف موڑ دے کر آڑا، کھڑا اور ترچھا خط دکھاؤ۔




* نیچے الگ الگ خط کھینچ کر دکھائے گئے ہیں۔ اسی طرح خط کھینچو۔







* میں بکس کے کناروں سے خط کھینچتا ہوں۔




* میں کتاب کی مدد سے خط کھینچتا ہوں۔



* میں نے کوئی چیز استعمال کیے بغیر اپنے ہاتھ سے خط کھینچا۔




* میں نے ناپ پٹّی کی مدد سے خط کھینچا۔



## شکل پہچانو اور رنگ بھرو۔

بازو میں دی ہوئی تصویر میں △، ○ اور □ پہچانو۔

△ میں لال رنگ، □ میں نیلا رنگ اور ○ میں پیلا رنگ بھرو۔



**برائے اساتذہ :** مذکورہ بالا عمل طلبہ سے بیاض میں کروائیں۔

Z6DHQZ